اعجاز قرآن | امریکہ کی تاریخ کی ورق گردانی کرتے ہوئے ایک عجیب بات سامنے آئی۔ خانہ جنگی کے دوران الاباما یونیورسٹی کی لائبریری میں صرف ایک کتاب جل جانے سے محفوظ رہی — قرآن مجید!

اس کو کتاب اللہ کے اعجاز کے علاوہ کیا کہا جا سکتا ہے۔

(مراسلہ نگار نے مذکورہ تاریخ کا انگریزی اقتباسات اور اس کی فوٹوسٹیٹ کاپی بھی ارسال کی ہے)

حبیب اللہ خٹک اسسٹنٹ کمشنر ریاست سوات

ہمارے انگریزی اخبارات کی اسلام دشمنی | اس بات کا آپ کو بخوبی علم ہوگا کہ پچھلے کچھ عرصہ سے انگریزی اخبار جن میں ڈان انگریزی اور کسی حد تک "مارننگ نیوز" قابل ذکر ہیں۔ یہ ہر ایسی بات کو نمایاں جگہ دیتے اور پروپیگنڈہ کرتے ہیں جو اسلام کے منافی ہو یا اسلام کی جڑوں پر ضرب کاری اس بات سے پڑتی ہو۔ اس ضمن میں آپ کی توجہ ڈان کے ماہ اپریل کے ۶ تاریخ - ۱۳، ۲۰، ۲۷ - اور مئی کی پانچ تاریخ کے شماروں میں ایک مضمون عورتوں کے صفحہ پر بعنوان "قرآن میں عورتوں کا مقام اور حقوق" محترمہ ریحانہ فردوس کا شائع ہوا ہے۔ کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اسے پڑھنے سے معلوم ہوگا کہ دین کے خلاف کیا کچھ اگلا جا رہا ہے۔ میرے خیال میں اس کا جواب نہ دینے سے معاشرے پر برا اثر پڑے گا۔ نیز اوروں کو بھی اس جانب خامہ فرسائی کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ (اے۔ ایس نوی والا)

الحق :- فاضل مراسلہ نگار نے اس کے بعد غلام احمد تھانوی صاحب اور ان کی حالیہ شائع کردہ کتاب فقہ القرآن کے بارہ میں دریافت کیا ہے تو اطلاعاً عرض ہے کہ مؤلف کتاب مشہور منکر حدیث ہیں۔ ان کے تمام مقالات اور کتابوں سے اہل اسلام اجتناب کریں۔

الدعوت الی الخیر

مصنفہ حضرت مولانا محمد یوسف قریشی جامعہ اشرفیہ پشاور

اسلامی تعلیمات، سیرت رسولؐ۔ اسلامی معاشرتی ذمہ داریاں کیا ہیں۔ فضائل احکام، آثار قیامت اتحاد و اخوت اور اس جیسے دیگر اہم عنوانات پر جامع اور مؤثر اور عام فہم مضامین کا مجموعہ

صفحات ۲۵۶ - قیمت پندرہ روپے - براہ راست طلب فرمائیے۔

مؤتمر المؤلفین جامعہ اشرفیہ علامہ عبدالودود قریشی روڈ پشاور